# راولپنڈی ترقیاتی ادارہ، راولپنڈی

## (اطلاع نیلام عام)

ہر خاص و عام بشمول کاروباری حضرات کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ راولپنڈی ترقیاتی ادارہ اپنی نئی تعمیر شدہ کثیر المنزلہ کمرشل بلڈنگ/ پلازہ (ہال بیسمنٹ) واقع بلڈنگ نمبر B-18، شیر پاؤ کالونی سکیم، راولپنڈی کے حقوق کرایہ داری برائے عرصہ تقریباً دو سال و دوکانات واقع سید پور روڈ سکیم، راولپنڈی کے حقوق کرایہ داری برائے عرصہ تین سال ماہانہ کرایہ اور نئی تعمیر شدہ کینٹین واقع آر۔ڈی۔اے/ واسا آفس، لیاقت باغ، مری روڈ، راولپنڈی کو برائے عرصہ تین سال پر دینے کیلئے نیلام عام منعقد کر رہا ہے۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقرر پر دفتر ہذا میں بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ بولی دہندہ/ دہندگان کی غیر موجودگی میں اسے/ انھیں اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنی طرف سے کسی شخص کو مختار خاص/ نمائندہ مقرر کر دے/ دیں۔ مختار خاص/ نمائندہ کو بولی سے قبل اصل مختار نامہ/ اتھارٹی لیٹر و شناختی کارڈ جمع کروانا لازمی ہوگا۔ اشتہار ہذا محکمہ آر۔ڈی۔اے کی ویب سائٹ (rda.gop.pk) سے بھی download کیا جا سکتا ہے۔ کرایہ درج ذیل ہوگا:۔

| نمبر شمار | لوکیشن | کورڈ ایریا | کرایہ ماہانہ | کرایہ سالانہ | زر بیعانہ (30%) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | بیسمنٹ، بلڈنگ نمبر B-18، شیر پاؤ کالونی سکیم، | 2756 مربع فٹ | مبلغ -75000 روپے | مبلغ 9,00,000 روپے | مبلغ 3,15,000 روپے |
| 2 | دوکانات نمبر 8، 15، سید پور سکیم | 218.05 مربع فٹ فی دوکان | مبلغ -18000 روپے فی دوکان | مبلغ 2,16,000 فی دوکان | مبلغ 75,600 فی دوکان |
| 3 | کینٹین آر۔ڈی۔اے/ واسا آفس، لیاقت باغ، مری روڈ، راولپنڈی | 2120 مربع فٹ | مبلغ 1,05,000 روپے | مبلغ 12,60,000 روپے | مبلغ 4,41,000 روپے |

**نیلامی کانفرنس روم بمقام دفتر آر۔ڈی۔اے، لیاقت باغ، مری روڈ، راولپنڈی میں مورخہ 14.04.2025 بوقت 11.00 بجے صبح بروز سوموار ہوگی۔ نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہونے کی صورت میں مورخہ 15.04.2025 . بوقت 11.00 بجے صبح بروز منگل و مورخہ 16.04.2025 . بوقت 11.00 بجے صبح بروز بدھ ہوگی۔**

**دیگر شرائط نیلام درج ذیل ہیں:۔**

۱) بولی میں شرکت سے قبل بولی دہندہ/ دہندگان کو درج بالا رقم زر بیعانہ بصورت کیش یا پے آرڈر بحق ڈی جی آر۔ڈی۔اے ہمراہ شناختی کارڈ کی نقل جمع کروانا لازمی ہوگا۔

۲) نیلامی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہوگی اور ماہانہ کرایہ میں دس فیصد (10%) سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔ کرایہ داری حقوق کمرشل بلڈنگ شیر پاؤ کالونی تقریباً دو سال جبکہ کرایہ داری حقوق دوکانات سید پور سکیم و آر۔ڈی۔اے کینٹین تین سال کیلئے ہوں گے جو معاہدہ و قبضہ کی تاریخ سے شروع ہوں گے۔

۳) کامیاب بولی دہندہ/ بولی دہندگان کو کامیاب بولی برائے پہلے سال کی رقم کا 35% بولی کی منظوری کے دس (10) یوم کے اندر اندر بصورت پے آرڈر بحق آر۔ڈی۔اے جمع کروانا ہوگا۔ زر بیعانہ کی رقم سیکیورٹی میں ایڈجسٹ کی جائے گی جو کہ IESCO اور دوسرے یوٹیلیٹی بلز و دیگر واجبات وغیرہ کی کلیئرنس کے بعد بمطابق درج ذیل طریقہ کار ایڈجسٹ کی جائے گی:۔

**<u>کمرشل بلڈنگ شیر پاؤ کالونی:</u>**

**دس فیصد (10%) پہلے سال، دس فیصد (10%) دوسرے سال اور پندرہ فیصد (15%) لیز کے اختتام پر**

**<u>دوکانات سید پور سکیم و آر۔ڈی۔اے/ واسا کینٹین:</u>**

**دس فیصد (10%) پہلے سال، دس فیصد (10%) دوسرے سال، پانچ فیصد (5%) تیسرے سال اور دس فیصد (10%) لیز کے اختتام پر**

۴) مزید برآں کامیاب بولی دہندہ/ بولی دہندگان کو کامیاب بولی کی ایک عدد ماہانہ قسط بھی ایڈوانس میں جمع کروانی ہوگی جو کہ لیز کے اختتامی سال کے آخری ماہ میں ایڈجسٹ کی جائے گی۔

۵) کامیاب بولی دہندہ بقایا مدت کی رقم ماہانہ ایڈوانس کی شکل میں ہر ماہ کے دس دن کے اندر اندر جمع کروائے گا جو کہ معاہدہ کی تاریخ سے شروع ہوگا۔ موجودہ ٹھیکہ/ لیز کی رقم پر سالانہ 10 فیصد اضافہ ہوگا۔ ٹھیکہ/ لیز کی ماہانہ قسط یا معاہدہ کے قوانین کے تحت کسی بھی ادائیگی میں تاخیر کی صورت میں 1.45 فیصد یومیہ جرمانہ عائد ہوگا۔ 45 دن سے زیادہ عرصہ تک ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں معاہدہ منسوخ سمجھا جائے گا اور پراپرٹی ادارے کے حق میں واپس لے لی جائے گی۔

21/3/25

۶) کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی حتمی منظوری کے مراسلہ کے موصول ہونے کے چودہ یوم کے اندر اندر قبل از قبضہ پراپرٹی آر۔ڈی۔اے کے نمائندہ کے ساتھ باقاعدہ تحریری معاہدہ مطلوبہ اسٹامپ پیپر پر کرنا ہوگا جس میں مدت معاہدہ درج ہوگی اور اسٹامپ پیپر متعلقہ سب جسٹرار/ رینٹ کنٹرولر سے اپنے خرچے پر رجسٹر کرائے گا۔ معاہدہ نہ کرنے کی صورت میں سکیورٹی کی رقم بحق محکمہ ضبط کر لی جائے گی۔

۷) معاہدہ ٹھیکہ/ لیز سے پہلے یا معاہدہ ٹھیکہ/ لیز کے وقت کامیاب بولی دہندہ کو ایڈوانس کے طور پر مطلوبہ ماہانہ کرایہ کے دستخط شدہ چیکس ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ کے دفتر میں جمع کروانے ہوں گے۔

۸) معاہدہ دستخط کرنے کے بعد کامیاب بولی دہندہ یوٹیلٹی بلز وغیرہ بروقت جمع کروانے کا ذمہ دار ہوگا جن کا معائنہ محکمہ کسی بھی وقت کر سکے گا۔

۹) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ اپنی منظور شدہ بولی کو ضمنی کرایہ داری (Sublet) کرنے یا اس میں کسی بھی شخص/ کمپنی کو شریک کار بنانے کا قطعاً مجاز نہ ہوگا۔

۱۰) معائنہ کے دوران کسی قسم کی بے ضابطگی کے صورت میں یومیہ مبلغ 10,000 روپے جرمانہ کیا جائے گا۔

۱۱) شرائط وضوابط کے پورا نہ ہونے پر ٹھیکہ/ لیز کینسل کر دیا جائے گا اور سکیورٹی بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور پراپرٹی کی دوبارہ نیلامی کی جائے گی جس پر ٹھیکہ دار/ لیز ہولڈر کو کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

۱۲) کامیاب بولی دہندہ کمرشل بلڈنگ واقع شیر پاؤ کالونی سکیم وآر۔ڈی۔اے کینٹین کے مین سٹرکچر میں کسی قسم کی تبدیلی کرنے کا مجاز نہ ہوگا لیکن ہال کے اندر مجاز اتھارٹی کی منظوری سے اپنی ضرورت کے مطابق آفس کیبن/ ڈائننگ ایریا وغیرہ بنا سکتا ہے نیز بلڈنگ میں نصب آلات کی حفاظت کا ذمہ دار ہوگا۔

۱۳) ٹھیکہ/ لیز کی میعاد کے دوران کسی بھی متنازعہ امور کی صورت میں معاملہ جناب ڈائریکٹر جنرل آر۔ڈی۔اے راولپنڈی کو بھیجا جائے گا جن کا فیصلہ حتمی ہوگا اور اس کی پابندی فریقین پر لازم ہوگی۔

۱۴) محکمہ آر۔ڈی۔اے کے نادہندگان اور کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ فرد/ افراد بولی ٹھیکہ میں بالواسطہ یا بلاواسطہ حصہ لینے کے مجاز نہ ہوں گے۔ ٹھیکہ/ لیز کی منظوری کے بعد اگر کامیاب بولی دہندہ کسی سرکاری ادارے کا نادہندہ/ بلیک لسٹ پایا گیا تو ٹھیکہ/ لیز کینسل کر دیا جائے گا۔

۱۵) کسی ہنگامی حالت کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کسی رعائیت کا مستحق نہ ہوگا اور نہ ہی اس ضمن میں کسی رعایت (Rebate) کا دعوی کرنے کا مجاز ہوگا اور نہ ہی کامیاب بولی دہندہ ہنگامی حالات کو جواز بنا کر واجبات روک لینے کا مجاز ہوگا۔

۱۶) کامیاب بولی دہندہ وفاقی حکومت اور حکومت پنجاب کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری شدہ ہدایات کی من وعن تعمیل کا پابند ہوگا اور تمام گورنمنٹ واجبات اور لاگو ہونے والے ٹیکسز ادا کرنے کا مجاز ہوگا۔

۱۷) کامیاب بولی دہندہ کینٹین کا سامان، فرنیچر، برتن وغیرہ مہیا کرنے کا خود ذمہ دار ہوگا۔

۱۸) کامیاب بولی دہندہ محکمہ کی منظوری سے مناسب نرخوں پر صحت بخش کھانا مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔ محکمہ ہذا باسی اور غیر صحت بخش خوراک کو ضائع کرنے کا حق رکھتا ہے نیز کامیاب بولی دہندہ ریٹ لسٹ کو کینٹین میں نمایاں جگہوں پر نصب کرنے کا پابند ہوگا۔ زائد نرخوں، باسی کھانا، گندے برتن وغیرہ پر کامیاب بولی دہندہ کو مبلغ -/1000 روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

۱۹) کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کی طرف سے ممنوع اشیاء جیسے سگریٹ، تمباکو، سپاری وغیرہ کینٹین میں نہ رکھے گا۔

۲۰) اتھارٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی بھی وقت کینٹین، کھانے کی کوالٹی وغیرہ کا معائنہ کر سکتی ہے۔

۲۱) مجاز اتھارٹی کو پیپرا رولز کے تحت بولی مسترد یا منظور کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

۲۲) مزید معلومات کیلئے ڈپٹی ڈائریکٹر اسٹیٹ منیجمنٹ آفس سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

21/3/23

ڈائریکٹر (اسٹیٹ مینجمنٹ)، آر۔ڈی۔اے، راولپنڈی

فون نمبر: 051-5552516